25761- خوبصورتی کے لیے عورت کا اونچا ہیٹ پہننا

سوال

کیا عورت خوبصورتی کے لیے اونچا ہیٹ پہن سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو وہ اپنے محرم مردوں اور عورت
کے درمیان خوبصورتی کے لیے پہنے تو اس میں بھی شرط یہ ہے کہ مردوں سے مشابہت نہ ہو
اور نہ کافرہ عورتوں سے تو کوئی حرج نہیں.

لیکن اگر وہ پہن کر باہر نکلے اور
غیر محرم مرد اسے دیکھیں تو یہ بے پردگی میں داخل ہوگا، اس کے متعلق اللہ سبحانہ و
تعالی کا فرمان ہے :

**.{اور تم اپنے گھروں میں ٹکی رہو،
اور قدیم جاہلیت کے زمانے کی طرح اپنے بناء سنگھار کا اظہار نہ کرو}**.الاحزاب (33
).

"تو ہر وہ چیز جس سے عورت عورتوں کے
درمیان ممتاز اور ظاہر اور بے پردہ ہوتی ہو ایسے طریقہ سے کہ اس میں خوبصورتی و
آراستگی ہو تو حرام ہے اس کے لیے جائز نہیں" .